© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● **حضرت مولانا قاری سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ:** مجدد القراء حضرت مولانا قاری رحیم بخش پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید حضرت مولانا قاری سیف الدین ۱۱/ شعبان ۱۴۳۵ھ / ۱۰/ جون ۲۰۱۴ء بروز منگل، ملتان میں انتقال کر گئے۔ حضرت قاری صاحب رحمہ اللہ اپنے عظیم استاذ کی یادگار تھے۔ انھیں اپنے اسلاف علماء دیوبند سے گہری عقیدت و محبت تھی۔ خصوصاً حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمی نوّر اللہ مرقدہٗ سے بہت اُنس و تعلق تھا۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے بھی بے پناہ محبت تھی۔ جن جن اکابر کو سنا اُن کی تقریروں کے جملے اور یادگار واقعات اُنھیں ازبر تھے، جنھیں وہ اکثر اپنی مجالس میں سنایا کرتے تھے۔ وہ ابن امیر شریعت مولانا سید عطاء المحسن بخاری نوّر اللہ مرقدہٗ کے زمانہ طالب علمی کے ساتھیوں میں سے تھے۔ تمام عمر قرآن کریم کی خدمت کی اور سینکڑوں طلباء کو قرآن حفظ کرایا۔ ایک طویل عرصہ سے سعودی عرب میں مقیم تھے۔ ملتان میں اُن کی رہائش گاہ دارِ بنی ہاشم سے متصل تھی۔ جب بھی پاکستان تشریف لاتے تو اکثر نمازیں دارِ بنی ہاشم کی مسجد میں ادا فرماتے۔ گزشتہ ماہ وہ چند روز کے لیے پاکستان تشریف لائے لیکن اچانک طبیعت خراب ہوئی اور خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ اُن کا حلقۂ احباب بہت وسیع تھا۔ خصوصاً قراء و حفاظ اور علماء اُن کے احباب میں شامل تھے۔ ۱۲/ شعبان کو بعد نمازِ فجر جامعہ خیر المدارس میں اُن کی نمازِ جنازہ ادا کی گئی۔ سینکڑوں حفاظ و قراء اور علماء نمازِ جنازہ میں شریک تھے۔ مدرسہ معمورہ کے اساتذہ مولانا محمد اکمل، مفتی صبیح الحسن، سید عطاء المنان، سید محمد کفیل بخاری اور حضرت سید محمد وکیل شاہ صاحب دامت برکاتہم بھی نمازِ جنازہ میں شریک تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور خدمت قرآن قبول فرمائے، اُن کے اکلوتے فرزند حافظ محمد عمار اور دیگر پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین)۔ قائد احرار، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم اور مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم کے مدرسین و طلباء نے حضرت قاری صاحب کے لیے دعاءِ مغفرت کی ہے اور تمام لواحقین سے اظہارِ تعزیت کیا ہے۔

● **قاری محمد عبداللہ ملتانی رحمہ اللہ:** مدرسہ رحمانیہ طارق آباد کے مہتمم قاری محمد عبداللہ ملتانی ۱۵/ جون کو انتقال کر گئے۔ مرحوم نے تمام عمر قرآن کریم کی تدریس و تعلیم میں بسر کی۔ طویل عرصے سے امراضِ گردہ و جگر میں مبتلا تھے۔

● **ہمشیر مرحومہ،** مولانا مشتاق احمد چنیوٹی (مدرس ادارہ دعوت وارشاد چنیوٹ)۔ انتقال: ۱۱/ جون ۲۰۱۴ء

● **سمیع اللہ مدنی مرحوم:** ہمارے کرم فرما قاری امان اللہ، ڈائریکٹر کاروان سمی اللہ مدنی ٹریولز کے جواں سال فرزند، انتقال: ۶/ جون ۲۰۱۴ء ● **ہمشیر مرحومہ،** غلام یٰسین سومرو (اڈا فتح پور پنجابیان رحیم یار خان، مجلس احرار اسلام کے کارکن)

● **حاجی محمد اسحٰق مرحوم:** مجلس احرار اسلام کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد عمر فاروق (تلہ گنگ) کے ماموں۔ انتقال: جون ۲۰۱۴ء

● **اہلیہ مرحومہ، حافظ محمد اسمٰعیل قمر چوہان مرحوم:** اکابر احرار اور خاندانِ امیر شریعت کے میزبان حافظ محمد اسمٰعیل قمر چوہان مرحوم (بستی مولویان، رحیم یار خان) کی اہلیہ طویل علالت کے بعد ۲۲/ جون ۲۰۱۴ء کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ، مولوی محمد طارق چوہان کی خوش دامن اور چچی تھیں۔ قائد احرار، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور میاں محمد اویس نے مرحومہ کے فرزندان محمد یوسف، محمود احمد، ضیاء القمر اور داماد مولوی محمد طارق چوہان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کی دعا کی ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



● **پروفیسر محمد نواز مرحوم:** ہمارے دیرینہ کرم فرما اور دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان کے ہمسائے پروفیسر محمد نواز ۲۳؍ جون کی دوپہر کو انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ بعد نماز مغرب تبلیغی مرکز ابدالی مسجد ملتان میں ادا کی گئی۔

● **جناب شیخ جنید احمد سہگل مرحوم:** ملتان میں ہمارے کرم فرما شیخ شفیق احمد (بانی جامعہ فتح البرکات) کے بڑے فرزند اور شیخ نوید سہگل کے بھائی شیخ جنید احمد سہگل گزشتہ ماہ لاہور میں انتقال کر گئے۔

● چیچہ وطنی چک نمبر 6/11L میں حاجی محمد اشرف کاہلوں کے بیٹے حاجی محمد رضوان کاہلوں اور ان کی اہلیہ 24؍ مئی کو ایک حادثے میں انتقال کر گئے۔ ● چیچہ وطنی میں شیخ منظور احمد انتقال کر گئے۔

● چیچہ وطنی چک نمبر 6/11L میں حاجی محمد کاشف بھٹلر کی اہلیہ اور بیٹا محمد عدیل ایک حادثے میں انتقال کر گئے۔

● چیچہ وطنی چک نمبر 6/11L میں علی شیر بلوچ کے بھائی شاہنواز بلوچ 28؍ مئی کو دل کا دورہ پڑنے سے انتقال گئے۔

● چیچہ وطنی جامعہ اسلامیہ جامع مسجد کے طالبعلم حافظ محمد وسیم (پھلور) کی والدہ ماجدہ 7؍ جون کو انتقال کر گئیں۔

● چیچہ وطنی غازی آباد کے چک نمبر 22/11L میں ہمارے قدیم ساتھی مولانا شاہد محمود احمد کے تایازاد بھائی خلیل احمد 25؍ مئی کو انتقال کر گئے۔ ● چیچہ وطنی کے سنیئر صحافی استاد علی اکبر کے جواں سال فرزند وحاج میر 9؍ جون کو انتقال کر گئے۔

● چیچہ وطنی میں دارالعلوم ختمِ نبوت اور مسجد عثمانیہ کے معاون چودھری حاجی عبدالرشید چیمہ کی اہلیہ 9؍ جون کو انتقال کر گئیں۔

● فیصل آباد میں روزنامہ ''اسلام'' کے زونل چیف جناب سید ذکر اللہ حسنی اور بیورو چیف جناب سید عبید اللہ حسنی کی والدہ ماجدہ 9؍ مئی کو انتقال کر گئیں۔ ● کمالیہ میں بھائی عبدالکریم قمر کی ممانی صاحبہ لاہور میں انتقال کر گئیں

● چیچہ وطنی میں احرار کے قدیم کارکن اور مسجد عثمانیہ کے خادم حافظ محمد شریف کے بڑے بھائی حافظ محمد نواز 18؍ جون کو انتقال کر گئے، نماز جنازہ دولتے والا (تلمبہ) میں ادا کی گئی، عبداللطیف خالد چیمہ، حافظ حبیب اللہ رشیدی، مولانا منظور احمد اور رانا قمرالاسلام نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

● چیچہ وطنی میں مرکزی مسجد عثمانیہ کے معاون جناب محمد اسلم کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔

● چیچہ وطنی دفتر احرار کے کارکن حافظ محمد سلیم شاہ کے تایا جان 16؍ جون کو انتقال فرما گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں خصوصاً رمضان المبارک میں اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- جناب سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم ورکن مرکزی مجلس شوریٰ۔
- چودھری محمد اکرام (لاہور) ● تحریک طلباء اسلام کے کارکن فرحان الحق حقانی (ملتان)
- محمد بشیر چغتائی (مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر) صاحب فراش ہیں۔
- مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن اور قدیم فدا کار احرار کارکن مولوی بلال احمد صاحب (رحیم یار خان) شدید علیل ہیں

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com